# حضرت خواجہ عارف ریوگری قدس سرہٗ العزیز

معدنِ معارفِ سرمدی

## ولادت:

آپ کا اسم گرامی عارف اور وطن ریوگر نواح غجدوان ہے۔ آپ کی ولادت باسعادت ۲۷ رجب المرجب ۵۵۱ھ میں ہوئی۔

## باطنی انتساب:

آپ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہ کے جانشین اور خلیفہ اعظم ہیں اور عمر بھر خواجہ غجدوانی قدس سرہ کی صحبت و خدمت اور ملازمت میں رہے۔ ان کے وصال باکمال کے بعد مسند ارشاد پر فائز ہوئے اور تمام عمر عبادت و ریاضت اور ہدایت خلق میں مشغول رہے۔ علم و حلم، زہد و تقویٰ، استقامت و متابعت سنت میں یگانہ روزگار تھے۔ امام الطریقہ حضرت شاہ نقشبند بخاری قدس سرہ کی نسبت ارادت آپ کی وساطت سے ہی خواجہ غجدوانی قدس سرہ تک پہنچتی ہے آپ کا تحریر فرمودہ رسالہ عارف نامہ خانقاہ موسیٰ زئی ڈیرہ اسماعیل خان کے کتب خانہ میں موجود ہے۔

## وصال مبارک:

آپ کا وصال مبارک یکم شوال ۷۱۵ھ کو ریوگر میں ہوا آپ نے طویل عمر پائی۔